انواری منطق

(تصورات)

اہتمام

مدرسۃ الامام انوار اللہ رح

ناشر
الہدایہ پبلیکیشنز
حیدرآباد۔الہند

وانك لتهدي الى صراط مستقيم

الہدایہ آرگنائزیشن

حیدرآباد۔الہند

امن، تعلیم، فلاح عام

Al-Hidayah Organization First floor, Masjid wazeer-un-nisa, Dabeerpura,
HYD. 500023 (A.P.)INDIA. Ph: 040-24522451 / 09848020085
E-mail: info@alhidayah.org Websit: www.alhidayah.org
MADARSAEIMAMANWARULLAH 30312010165152 Syndicate Bank,
Shah Ali Banda Branch, Hyderabad, A.P. India.

انواری منطق

تصورات

اہتمام

مدرسۃ الامام انوار اللہ

QASID KITAB GHAR
Mohammad Hanif Razvi Nagarchi
Near Jamia Masjid, Arcot Dargah,
BIJAPUR-586104, (Karnataka)

ناشر

الهدایہ پبلیکیشنز

حیدرآباد۔

تفصیلاتِ کتاب

نام کتاب : انواری منطق (تصورات)
اہتمام : مدرسۃ الامام انوار اللہ
تعداد اشاعت : 1000 (ایک ہزار)
سنِ اشاعت : جمادی الاول ۱۴۳۲ھ مطابق اپریل ۲۰۱۱ء
کمپوزنگ : ولی الدین فاروقی کمپیوٹر سنٹر
ناشر : الہدایہ پبلیکیشنز دبیر پورہ حیدر آباد
قیمت : -/20 روپے
حقوقِ کتاب : جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

ملنے کے پتے

الہدایہ پبلیکیشنز، دبیر پورہ، حیدر آباد۔ فون:9396560983،
الہدایہ اسلامک سنٹر، جہانما حیدر آباد۔ فون:040-24522451
ادارہ منہاج القرآن حیدر آباد، انڈیا۔ فون:040-64511142
دکن ٹریڈرس مغل پورہ حیدر آباد۔ فون:55710230
عرشی کتاب گھر میر عالم منڈی حیدر آباد۔ فون:9440068759
اسلامک بک ڈپو چوک حیدر آباد۔ دیگر تاجران کتب

QASID KITAB GHAR
Mohammad Hanif Razvi Nagarchi
Near Jamia Masjid, Arcot Dargah,
BIJAPUR-586104, (Karnataka)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تقریظ

حضرت مولانا سید شاہ عزیز اللہ قادری صاحب ادام اللہ فیوضہ
شیخ المعقولات جامعہ نظامیہ

الحمدللہ رب العالمین والصلوۃ والسلام علی سید الأنبیاء والمرسلین والہ واصحابہ اجمعین

الہدایہ آرگنائزیشن کے زیر اہتمام فن منطق پر مشتمل ایک عظیم کتاب بنام ''انوار المنطق'' ترتیب دی گئی ہے جس میں آسان انداز بیان اور طلبہ کے فہم کے قریب کرنے والے طریقہ کو اپنایا گیا ہے جس کی آج کے دور میں انتہائی ضرورت ہے اللہ تعالی سے دعا ہے کہ اپنے حبیب سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقہ وطفیل میں اسکے فیض کو عام فرمائے۔

آمین بجاہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ والہ واصحابہ وبارک وسلم

فقط

احقر العباد
سید عزیز اللہ قادری

(حضرت مولانا) سید شاہ عزیز اللہ قادری (صاحب ادام اللہ فیوضہ)
شیخ المعقولات جامعہ نظامیہ

بسم الله الرحمن الرحيم

حد المنطق: هو علم بقوانين تعصم مراعاتها الذهن عن الخطأ في الفكر.

موضوعه: المعلومات التصورية والتصديقية من حيث أنها موصلة إلى المجهول التصوري والتصديقي.

غاية المنطق: الإصابة فى الفكر وحفظ الرأى عن الخطأ في النظر.

واضعه: إن أرسطاليس الحكيم دوّن هذا العلم بأمر الإسكندر الرومي ولهذا يلقب بالمعلم الأول والفارابي هذّب هذا الفن وهو المعلم الثاني. وبعد إضاعة كتب الفارابي فصله الشيخ ابو علي بن سينا.

وجه تسميته بالمنطق: يسمى بالمنطق لتأثيره فى النطق الظاهري أعنى التكلم إذا العارف به يقوى على التكلم بما لا يقوى عليه الجاهل و كذا في النطق الباطني أعني الإدراك لأن المنطقي يعرف حقائق الأشياء ويعلم أجناسها وفصولها وأنواعها ولوازمها وخواصها بخلاف الغافل عن هذا العلم الشريف.

وجه تسميته بالميزان: وتسميته بالميزان فلأنه قسطاس للعقل يوزن به الأفكار الصحيحة ويعرف به نقصان ما في الأفكار الفاسدة واختلال ما في الانظار الكاسدة.

وجه تسميته بالعلم الآلي: يقال لهذا العلم العلم الآلي لكونه آلة لجميع العلوم ولا سيما للعلوم الحكمية.

معاني العلم

إعلم أن العلم يطلق على معان:أولها: حصول صورة الشىء في العقل. ثانيها الصورة الحاصلة من الشىء عند العقل. ثالثها الحاضر عند المدرك. رابعها قبول النفس لتلك الصورة. خامسها الإضافة الحاصلة بين العالم والمعلوم.

التصور والتصديق

وينقسم العلم على قسمين. تصور، تصديق.

التصور: هو الإدراك الخالي عن الحكم كزيد وشجر وغيره. (والمراد بالحكم نسبة أمر إلىٰ أمر اخر ايجابا أوسلبا).

وللتصور قسمان، **أحدهما بديهى**: وهو ما يحصل بلا نظر و كسب كتصورنا الحرارة والبرودة ويقال له الضروري أيضا. **و ثانيهما نظرى**: وهو ما يفتقر فى حصوله الى الفكر و النظر و يقال له الكسبى ايضًا. كتصورنا الملائكة وغيرها.

وأما التصديق: فهو علىٰ قول الحكماء عبارة عن الحكم المقارن للتصورات. (والتصديق عند الإمام الرازیؒ عبارة عن مجموع الحكم وتصورات الأطراف نحو زيد قائم).

(والقول الأول أقرب إلىٰ القبول والصواب لأنه لا ريب ان التصديق حقيقة واقعية محصلة وليس من الحقائق الإعتبارية فهو ليس الا شيئا واحدا لا مجموع اشياء والمجموع المركب من التصورات الثلثة والأربعة لا شك فى كونه أمرا اعتباريا، المرأة للمرقاة).

ملحوظة: والفرق بين قول الإمام والحكماء من وجوه. أحدها أن التصديق بسيط على مذهب الحكماء ومركب على رأى الامام، ثانيها أن تصور الطرفين والنسبة شرط للتصديق خارج عنه على قولهم وشطره اى جزؤه الداخل فيه على قوله وثالثها، ان الحكم نفس التصديق على زعمهم وجزؤه الداخل على زعمه، المرآة.

وللتصديق أيضا قسمان: **أحدهما بديهي**: وهو ما يحصل من غير فكر و كسب، نحو الاثنان نصف الاربعة. والكل أعظم من الجزء. **وثانيهما نظري**: وهو ما يفتقر فى حصوله إلى الفكر والكسب نحو العالم حادث والصانع موجود.

الدلالة وأقسامها

الدلالة لغة هو الإرشاد. وفى الإصطلاح كون الشيء بحيث يلزم من العلم به العلم بشيء آخر (فالشئى الأول هو الدال والشيء الثاني هو المدلول والعلاقة التى بينهما هى الدلالة).

وهى على قسمين: لفظية وغير لفظية:

فالدلالة اللفظية: ما يكون الدّال فيه اللفظ. وغير اللفظية ما لا يكون الدال فيه اللفظ.

وكل منهما على ثلثة أنحاء: (١)وضعية (٢)طبعية (٣)عقلية.

فالدلالة اللفظية الوضعية: ما يكون الدال فيه لفظا والدلالة باعتبار الوضع. كدلالة لفظ زيد على مسماه.

وغير اللفظية الوضعية: وهى ما لايكون الدال فيه لفظا. والدلالة باعتبار الوضع. كدلالة الدوال الأربعة على مدلولاتها، (والدوال الأربعة هى النصب والخطوط والعقود الإشارات)

الدلالة اللفظية الطبعية: ما يكون الدال فيه لفظا والدلالة باحداث الطبيعة، كدلالة لفظ 'أح أح' على وجع الصدر.

وغيراللفظية الطبعية: ما لايكون الدال فيه لفظا والدلالة باحداث الطبيعة كدلالة صهيل الفرس على طلب الماء والكلأ.

الدلالة اللفظية العقلية: ما يكون الدال فيه لفظا والدلالة باعتبار العقل كدلالة لفظ 'ديز' المسموع من وراء الجدار على وجود اللافظ.

وغير اللفظية العقلية: مالايكون الدال فيه لفظا والدلالة باعتبار العقل كدلالة الدخان على النار.

ملحوظة: انما يبحث المنطقي عن الدلالة اللفظية الوضعية فقط لأن الإفادة للغير والإستفادة من الغير انما يتيسر بها بسهولة بخلاف غيرها فان الإفادة والإستفادة بغير الدلالة اللفظية الوضعية لايخلو عن صعوبة.

وتنقسم الدلالة اللفظية الوضعية على ثلثة أقسام:

المطابقية: وهو أن يدل اللفظ على تمام ما وضع ذلك اللفظ له، كدلالة الإنسان على مجموع الحيوان والناطق.

التضمنية: وهو أن يدل اللفظ علىٰ جزء المعنىٰ الموضوع له. كدلالته على الحيوان فقط.

الإلتزامية: وهى أن لايدل اللفظ على تمام المعنى الموضوع له ولا على جزئه بل علىٰ معنى خارج لازم للموضوع له كدلالة الإنسان على قابل العلم وصنعة الكتابة.

بيان المفرد

اللفظ الدال على قسمين: (١)مفرد (٢)مركب

المفرد: ما لا يقصد بجزئه الدلالة على جزء معناه وله أربع صور. الأولىٰ مالايكون جزء كهمزة الإستفهام والثانية مايكون له جزء لكن لا دلالة له علىٰ معنىٰ كزيد. والثالثة مايكون له جزء دال على المعنىٰ ولكن ذلك المعنىٰ لايكون جزء المعنىٰ المقصود، كعبداللّٰه علما. والرابعة مايكون له جزء دال علىٰ جزء المعنىٰ المقصود لكن لايكون دلالة مقصودة كالحيوان الناطق علما (المرأة).

وينقسم المفرد بحسب استقلال المعنىٰ وعدمه إلى ثلثة أقسام (١)اسم (٢)كلمة (٣)اداة.

الاسم: ما كان معناه مستقلا بالمفهومية ولم يقترن ذلك المعنىٰ بزمان من الأزمنة الثلثة.

الكلمة: ماكان معناه مستقلا بالمفهومية ومقترنا بزمان من الأزمنة الثلثة.

الأداة: مالم يكن معناه مستقلا فهو أداة عند الميزانيين وحرف عند النحويين.

ملحوظة: إعلم أنه بين فعل النحويين وكلمة الميزانيين فرق عظيم لأن الفعل أعم من الكلمة لأن المضارع الغير الغائب اى المتكلم والمخاطب مثل أضرب

وتـضـرب وأمثالهما فعل عند النحويين ولكن ليست بكلمة عند المنطقيين لأن الـكـلـمة مـن أقسام المفرد والمضارع المخاطب والمتكلم ليس بمفرد بل هو مـركـب لـدلالة جـزء الـلـفـظ عـلىٰ جزء المعنىٰ فان الهمزة تدل على المتكلم وض‘ر‘ب على المعنىٰ الحدث فلا شيء من المركب بكلمة.

ويـنـقسـم الـمـفـرد بـحسب وحدة المعنى وتعدده إلىٰ قسمين: أحدهما الذى يـكـون مـعـنـاه واحـداً ويـسـمـى بالمتوحد المعنىٰ وثانيهما يكون معناه كثيراً ويسـمـى بـالـمتـكـثـر الـمـعـنىٰ فللمتوحد المعنى ثلثة أقسام: (١)العلم (جزئي حقيقي) (٢)متواطي (٣)مشكك.

العلم: هو ما كان معناه متعينا مشخصا كزيد وهذا وهو.

المتواطي: هـو مـا لـم يـكن معناه الواحد مشخصا بل يكون له افراد كثيرة وأن يـصـدق ذلك الـمـعـنـى عـلـى سـائر افراده على سبيل الإستواء من عير تفاوت بالاولية أو الأشدية أو الاولوية. كالانسان بالنسبة الى زيد وعمر ووبكر

المشكك: هو ما لم يصدق فيه ذلك المعنى فى جميع أفراده على وجه الإستواء بـل كـان فيـه تـفـاوتـاً بـالأولية أو الأشـدية أو الأولـوية. كـالوجود بالنسبة الى الواجب جل مجده وبالنسبة الى الممكن وكا لبياض با لنسبة الى الثلج والعاج

وللمتكثر المعنىٰ أيضا ثلاثة أقسام

المشترك: اللفظ الذي كثر معناه إن وضع ذلك اللفظ لكل معنى إبتداء بأوضاع متـعـددةٍ علىحدة يسمى مشتركا كالعين وضع تارة للذهب وتارة للباصرة وتارة للركبة.

المنقول: هو اللفظ الذي كثر معناه لكن لم يوضع لكل ابتداء بل وضع أولا لمعنى ثـم استـعمل فى معنىً ثان لأجل مناسبة بينهما إن اشتهر فى الثاني وترك موضوعه الأول، يسـمـى مـنقولا والمنقول بالنظر إلىٰ الناقل ينقسم إلى ثلاثة أقسام، أحدها المنقول العرفي بـاعتبـار كـون الناقل عرفا كلفظة الدابة كان فى الاصل موضوعا لما يدب على الأرض ثم نقله العامة للفرس أو لذات القوائم الأربع.

وثانيها: المنقول الشرعي لاعتبار كون الناقل أرباب الشرع كلفظ الصلوة كان فى الأصل بمعنى الدعاء ثم نقله إلى أركان مخصوصة.

وثالثها: الـمـنـقـول الإصـطلاحي باعتبار كونه عرفا خاصا وطائفة مخصوصة كـلـفـظ الاسـم كـان فى اللغة بمعنى العلو ثم نقله النحاة الى كلمة مستقلة فى الدلالة غير مقترنة بزمان من الأزمنة الثلاثة.

الحقيقة والمجاز: هـو الـلفظ الذى كثر معناه ولم يشتهر في المعنى الثاني ولم يتـرك مـوضـوعـه الأول بل يستعمل فى الموضوع الاول مرة وفى الثاني اخرىٰ يسـمى بالنسبة الى الاول حقيقة وبالنسبة الى الثاني مجازا كالأسد بالنسبة الى الـحيوان المفترس والرجل الشجاع فهو بالنسبة الى الاولى حقيقة وبالنسبة الى الثاني مجاز.

الـمـلـحـوظة: إن كـان الـلـفـظ متعددا والمعنى واحدا. يسمى مرادفا كالأسد والليث والغيم والغيث.

المركب

حد المركب :هو مايقصد بجزئه الدلالة على جزء معناه كدلالة زيد قائم ‘على معناه ودلالة رام السهم على فحواه.

و ينقسم المركب على قسمين (١)مركب تام (٢)ومركب ناقص

المركب التام: هو ما يصح السكوت عليه كزيدٌ قائمٌ.

المركب الناقص: هو مالايصح السكوت عليه كغلام زيدٍ.

المركب التام علىٰ ضربين: (١)الخبر والقضية (٢)الإنشاء.

الـخبر والقضية: وهـو مـاقـصـد بـه الـحـكاية ويحتمل الصدق والكذب، نحو السماء فوقنا والعالم حادثٌ وغير ذلك.

الإنشاء: وهـو مـا لايقصد فيه الحكاية ولا يحتمل الصدق والكذب. وللإنشاء أقسـام عـديـدة (١)امـر: وهو ما وضع لطلب الفعل على سبيل الاستعلاء نحو إقـرأ. (٢)نهي: وهو ما وضع لطلب الكف على سبيل الاستعلاء نحو لاتكسل.

(٣)التمني: وهو طلب حصول شيء على سبيل المحبة ولا يشترط امكان المتمني نحو ليت زيدا حاضر. (٤)الترجي: وهو طلب حصول شيء ممكن علىٰ سبيل المحبة نحو لعل التلميذ ناجح. (٥)الإستفهام: وهو ما يدل على طلب الفهم نحو هل حضر الطالب. (٦)النداء: وهو ما وضع لطلب الإخبار نحو يا ولد.

المركب الناقص على أنحاء: منها المركب الإضافي كغلام زيد ومنها المركب التوصيفي كرجل عالم ومنها المركب التقيدي كفى الدار.

الكلي و الجزئي

المفهوم ما حصل في الذهن وهو قسمان.

احدهما جزئي: وهو مايمنع نفس تصوره عن صدقه علىٰ كثيرين كزيدٍ وعمرو وهذا الجدار وهذا الفرس.

وثانيهما كلي: وهو ما لايمنع نفس تصوره عن وقوع الشركة فيه وعن صدقه علىٰ كثيرين كالإنسان والفرس.

للكلى ستة أقسام: احدها: ماكان ممتنع الوجود فى الخارج كشريك البارى واللاشىء، واللامكن، واللاموجود. ثانيها: ماكان ممكن الوجود لكن لم يوجد منه شيء كالعنقاء وجبل من الياقوت. ثالثها: ما كان ممكن الوجود ولم يوجد منه الا فرد واحد وغيره ممتنع كواجب الوجود. رابعها: ماكان ممكن الوجود ولم يوجد منه الا فردٌ واحد ويمكن وجود غيره كالشمس. خامسها: ماكان ممكن الوجود ويوجد منه افراد كثيرة لٰكنها متناهية كالكواكب السبعة. سادسها: ما كان ممكن الوجود ويوجد منه افراد كثيرة وهى غير متناهية كالنفوس الناطقة وأفراد الإنسان والفرس والغنم.

النسبة بين الكليين

إن النسبة بين الكليتين تنقسم إلىٰ أربعة أقسام: (١)تساوي (٢)تباين (٣)عموم و خصوص مطلقا (٤)عموم وخصوص من وجه.

التساوي: وهو أن يصدق كل واحد من الكليين علىٰ من يصدق عليه الآخر كالإنسان والناطق.

التباين: وهو أن لا يصدق شيء منهما على شيء مما يصدق عليه الآخر كالإنسان والفرس.

العموم والخصوص مطلقا: وهو أن يصدق احد الكليين علىٰ كل ما يصدق عليه الآخر ولايصدق الآخر علىٰ جميع أفراد أحدهما كالحيوان والإنسان.

العموم والخصوص من وجه: وهو أن يصدق بعض كل واحد من الكليين علىٰ بعض مايصدق عليه الآخر كالأبيض والحيوان.

الكليات خمس

(١) الجنس: وهو كلي مقول علىٰ كثيرين مختلفين بالحقائق في جواب ماهو كالحيوان.

(٢)النوع: وهو كلي مقول علىٰ كثيرين متفقين بالحقائق في جواب ما هو كالإنسان.

(٣) الفصل: وهو كلي مقول علىٰ الشيء في جواب أى شيء هو في ذاته كالناطق.

وهو قسان (١)قريب (٢)بعيد.

فالقريب: وهو المميز عن المشاركات فى الجنس القريب كالناطق للإنسان.

والبعيد: هو المميز عن المشاركات فى الجنس البعيد كالحساس للإنسان.

(٤) الخاصة: وهو كلي خارج عن حقيقة الأفراد محمول علىٰ أفراد واقعة تحت حقيقة واحدة فقط كالضاحك للإنسان.

(٥) العرض العام: وهو الكلي الخارج المقول علىٰ أفراد حقيقة واحدة وعلىٰ

غيرها كالماشي.

وهو ينقسم إلى لازم ومفارق (١)فاللازم ما يمتنع انفكاكه عن الشيء إما بالنظر إلى الماهية كالزوجية للأربعة والفردية للثلاثة، فإن انفكاك الزوجية عن الاربعة والفردية عن الثلاثة مستحيل وإما بالنظر إلى الوجود كالسواد للحبشي فإن انفكاك السواد عن وجود الحبشي مستحيل.

والعرض اللازم قسمان: الأول ما يلزم تصوره من تصور الملزوم، كالبصر للعمي. والثاني ما يلزم من تصور الملزوم واللازم الجزم باللزوم كالزوجية للأربعة.

العرض المفارق: مالم يمتنع انفكاكه عن الملزوم كالكتابة بالفعل للانسان والمشى بالفعل له وهو ايضا قسمان احدهما مايدوم عروضه للملزوم كالحركة للفلك والثاني ما يزول عنه إما بسرعة كحمرة الخجل وصفرة الوجل او ببطؤ كالشيب والشباب.

الملحوظة: إن الثلاثة الأول يقال لها الذاتيات ويقال للأخريين العرضيات.

بحث الاجناس

الجنس ينقسم الى ثلثة اقسام (١)سافل (٢)متوسط(٣)عال

الجنس السافل:هو ما لا يكون تحته جنس و يكون فوقه جنس بل انما يكون تحته النوع كا لحيوان فان تحته الانسان وهو نوع وفوقه الجسم النامى وهو جنس فالحيوان جنس سافل

الجنس المتوسط:هو ما يكون تحته جنس وفوقه ايضا جنس كالجسم النامى فان تحته الحيوان وفوقه الجسم المطلق

الجنس العالي هو مالا يكون فوقه جنس ويسمى بجنس الاجناس ايضا كالجوهر فانه ليس فوقه جنس وتحته الجسم المطلق والجسم النامى والحيوان

الاجناس العالية عشرة ويقال لهذه الاجناس العالية المقولات العشر ايضا احد ها الجوهر والباقى المقولات التسع للعرض

الجوهر هو الموجود لافى موضوع اى محل بل قائم بنفسه كالاجسام

العرض هو الموجود فى موضوع اى محل والمقولات العرضية كما تلى

(١)الكم هو العرض الذى يقبل القسمة والتجزى فهوان كان بين اجزائه حد مشترك فهوالكم المتصل كالمقدار والا فهو الكم المنفصل كا لعدد ثم الكم المتصل اما غير قار وهو مالا يجوز اجتماع اجزائه المفروضة فى الوجود وهوالزمان واما قار وهو المقدار

(٢)الكيف هو عرض لا يقتضى القسمة والنسبة

(٣)الاضافة هى عبارة عن النسبة المكررة اى نسبة تعقل بالقياس الى نسبة اخرى معقولة ايضا بالقياس الى الاول كا لابوة فانها نسبة تعقل بالقياس الى البنوة وهى ايضا نسبة تعقل بالقياس الى الابوة

(۴)الاين هى نسبة المتمكن الى المكان اى كونه فيه وهو على نحوين حقيقى وهو كون الشيء فى مكانه الخاص به الذى لايسع فيه غيره وغير حقيقى وهو مالا يكون كذالک ككون زيد فى الدار

(۵)الملک هو هيئة تعرض الجسم بسبب ما يلاصق به ويشتمل عليه وينتقل بانتقاله كا التنعل والتعمم والتقمص فمنه ماهو طبعى كالاهاب للهرة ومنه عرضى سواء كان محيطا بالكل كا لثوب الشامل لجميع البدن او محيط بالبعض كا لعمامة والقميص وغيرهما

(٦) الفعل هواخراج شيء شيئا من القوة اى الفعل يسيرا يسيرا كا لتبريد والتسخين

(٧)الانفعال وهو خروج الشيء من القوة الى فعل على سبيل التدريج

(٨) المتى هو نسبة الشيء الى الزمان وهو ايضا كالاين ينقسم الى حقيقى وغير حقيقى اما الحقيقى فهو كون الشيء فى الزمان الذى لا يفضل عليه

كالصوم لليوم وغير الحقيقى مالا يكون كذالك كا لدخول فى الشهر والسنة

(۹)الوضع هو هيئة تعرض الشيء من جهة نسبتين نسبة بعض اجزاء الشيء الى بعض ونسبة الى الخارج عنه سواء كان ذلك الخارج حاويا ومحويا

الانواع ينقسم الى ثلثة اقسام (۱)النوع العالى (۲)النوع المتوسط(۳)النوع السافل

النوع العالى هومايكون تحته نوع ولا يكون فوقه نوع فهو النوع العالى

النوع المتوسط هوما يكون تحته نوع و فوقه نوع فهوالنوع المتوسط

النوع السافل هوما لايكون تحته نوع ويكون فوقه نوع فهوا لنوع السافل ويقال له نوع الا نواع ايضا

فصل فى التعريفات

معرف الشيء ما يحمل عليه لإفادة تصوره وهو على اربعة اقسام (۱) الحد التام (۲)الحد الناقص (۳)الرسم التام (٤)الرسم الناقص.

ان كان التعريف للجنس القريب والفصل القريب يسمى حدا تاما كتعريف الانسان بالحيوان الناطق.

وان كان التعريف للجنس البعيد والفصل القريب او به وحده يسمى حدا ناقصا كتعريف الانسان للجسم الناطق او بالناطق فقط.

وان كان التعريف للجنس القريب والخاصة يسمى رسما تاما كتعريف الانسان للحيوان الضاحك.

وان كان التعريف للجنس البعيد والخاصة او بالخاصة وحدها يسمى رسما ناقصا كتعريف الانسان للجسم الضاحك او بالضاحك وحده.

ملحوظة: ولا دخل فى التعريفات للعرض العام لأنه لايفيد التميز.

☆☆☆

بسم الله الرحمن الرحيم

منطق کی تعریف:۔ علم منطق چند ایسے اصول وقوانین کا علم ہے جنکی رعایت ذہن کو خطافی الفکر سے بچاتی ہے۔

منطق کا موضوع:۔ وہ معلومات تصوریہ (معرف) وتصدیقیہ (حجت) ہیں جو نا معلوم تصور وتصدیق کی طرف پہنچانے والے ہوں۔

منطق کی غرض وغایت:۔ فکر ونظر میں رائے کو خطا سے محفوظ رکھنا۔

مدون علم منطق:۔ حکیم ارسطا طالیس نے اسکندر رومی کے حکم پر اس علم کو مدون کیا۔ اسی وجہ سے وہ معلم اول سے ملقب ہے۔ اور ابونصر محمد بن طرخان فارابی نے اس فن کو شائستہ بنایا پھر ابوعلی حسین بن عبداللہ بن سینا نے اس فن کو فصل وار بنایا۔

منطق کی وجہہ تسمیہ:۔ منطق میں میم مصدر یہ ہے اور یہ "نطق" سے مشتق ہے جسکے معنی ہیں بولنا اور نطق دوطرح کا ہوتا ہے (۱) ظاہری (۲) باطنی پس اس فن کو نطق ظاہری وباطنی میں اسکی تاثیر کے سبب منطق کا نام دیا گیا۔ اور نطق ظاہری میں اسکی تاثیر یہ ہیکہ اس فن کا جاننے والا ان موضوعات پر گفتگو کی قدرت رکھتا ہے جن پر گفتگو سے اس فن کا نہ جاننے والا عاجز ہوتا ہے۔ اور نطق باطنی میں اسکی تاثیر یہ ہیکہ منطقی اشیاء کی حقیقتوں یعنی جنس، فصل، نوع، خاصہ، لازمہ وغیرہ کی معرفت رکھتا ہے بنسبت غیرِ منطقی کے کہ اسکو اشیاء کے متعلق کوئی واقفیت نہیں ہوتی۔

علم میزان کی وجہہ تسمیہ:۔ میزان عربی میں ترازو کو کہتے ہیں چونکہ یہ علم بھی عقل کا ترازو ہے جسکے ذریعہ افکارِ صحیحہ کا وزن کیا جاتا ہے اور افکارِ فاسدہ کے نقص کو جانا جاتا ہے اور کھوٹی نظروں کے خلل کی معرفت حاصل ہوتی ہے اسی وجہ سے اسکو علم میزان کہتے ہیں۔

علم الٰی کی وجہ تسمیہ:۔ چونکہ یہ علم تمام علوم کے اور خصوصاً علوم حکمت کے حصول کا ذریعہ ہے اسی وجہ سے اسکو علم الٰی کہتے ہیں۔

علم کا اطلاق چند معنی پر ہوتا ہے:۔ (۱) کسی شیء کی صورت کا عقل میں حاصل ہونا علم کہلاتا ہے۔ (۲) کسی شیء کی صورت حاصلہ کا عقل کے نزدیک ہونا علم کہلاتا ہے۔ (۳) کسی شیء کا جاننے والے کے پاس موجود ہونا علم کہلاتا ہے۔ (۴) کسی چیز کی صورت کو نفس کا قبول کرنا علم کہلاتا ہے (۵) عالم اور معلوم کے درمیان کی اضافتِ حاصلہ علم کہلاتی ہے۔

تصور وتصدیق کا بیان

علم کی دو قسمیں ہیں:۔ (۱) تصور (۲) تصدیق۔

تصور کی تعریف:۔ تصور وہ ادراک ہے جو حکم سے خالی ہو مثلاً زید، قلم، کتاب (ایک امر کی نسبت دوسرے امر کی طرف خواہ ایجابی ہو یا سلبی حکم کہلاتی ہے)۔

تصور کی دو قسمیں ہیں:۔ (۱) بدیہی (۲) نظری۔

تصور بدیہی کی تعریف:۔ وہ تصور ہے جو فکر ونظر کے بغیر حاصل ہو اسکو ضروری بھی کہا جاتا ہے مثلاً سردی کا تصور، گرمی کا تصور۔

تصورِ نظری کی تعریف:۔ وہ تصور ہے جو اپنے حصول میں فکر ونظر کا محتاج ہو۔ اسکو کسبی بھی کہا جاتا ہے۔ مثلاً جن وملائکہ کا تصور۔

تصدیق کی تعریف:۔ (حکماء کے نزدیک):۔ تصدیق ایسا علم ہے جو تصورات ثلاثہ کو شامل ہو۔

تصدیق (امام رازیؒ کے پاس):۔ حکم اور تصورات ثلثہ کے مجموعہ کا نام تصدیق ہے۔

ملحوظة: . واضح ہو کہ تصدیق کہ اجزائے ترکیبیہ چار ہیں (۱) محکوم علیہ کا تصور (۲) محکوم بہ کا تصور (۳) نسبت حکمیہ کا تصور (۴) حکم۔ (نسبت خبریہ کے اذعان کو حکم کہتے ہیں)۔ مثلاً قائل نے جب زید قائم کہا تو اسے چار چیزیں حاصل ہوئیں (۱) زید کا تصور جو محکوم علیہ ہے (۲) معنی قائم کا تصور جو محکوم بہ ہے (۳) محکوم علیہ اور محکوم بہ کے درمیان جو ربط وتعلق ہے اس کا تصور جس کو فارسی میں قضیہ موجبہ میں ہست اور سالبہ میں نیست سے اور اردو میں 'ہے' اور 'نہیں' سے تعبیر کرتے ہیں، اسی کو نسبتِ حکمیہ کہتے ہیں (۴) حکم کیونکہ جب قائل نے قیام کی

نسبت زید کی طرف کی تو چونکہ یہ نسبتِ تامہ خبریہ ہے تو گویا اس نے نسبتِ تامہ خبریہ کا اذعان اور یقین کیا اور نسبتِ خبریہ کے اذعان کا نام حکم ہے، پس تصدیق کے اجزائے ترکیبیہ چار ہوئے تصورات ثلاثہ اور حکم۔

امام رازیؒ کا اختلاف:۔ اب جاننا چاہئے کہ ماہیتِ تصدیق میں حکماء اور امام رازی کے درمیان اختلاف ہے چنانچہ حکماء کے نزدیک تصدیق محض حکم یعنی نسبتِ خبریہ کے اذعان کا نام ہے اور تصورات ثلاثہ تصدیق کے پائے جانے کے لئے شرط ہے جیسا کہ وضو نماز کے لئے شرط ہے، اور چونکہ شرطِ شیء شیء سے خارج ہوتی ہے لہذا تصورات ثلاثہ بھی تصدیق کی ماہیت سے خارج ہونگے (اور اسکے وجود کے لئے لازم ہونگے) اور حکم ہی تصدیق ہو کر باقی رہ جائیگا، اور امام رازیؒ فرماتے ہیں کہ تصدیق تصورات ثلاثہ اور حکم کے مجموعہ کا نام ہے کیونکہ تصورات ثلثہ حکم کے پائے جانے کے لئے شطر اور رکن ہیں اور رکنِ شیء شیء میں داخل ہوتا ہے جس طرح رکوع اور سجود نماز میں داخل ہیں، لہذا تصدیق کی ماہیت میں تصورات ثلاثہ اور حکم داخل ہونگے اور تصدیق تصورات ثلاثہ اور حکم دونوں کے مجموعہ کا نام ہوگا نہ کہ صرف حکم کا۔

محققین کی رائے یہ ہے کہ حکماء کا مذہب قابلِ قبول اور اقرب الی الصواب ہے کیونکہ تصدیق ایک حقیقتِ واقعہ ہے اور امام رازیؒ کے مذہب کی رو سے ایک اعتباری چیز بن جاتی ہے جو کئی چیزوں سے مل کر بنتی ہے۔

نتیجۂ اختلاف:۔ دونوں مذہبوں کے اختلاف کا نتیجہ یہ ہے کہ (۱) تصدیق حکماء کے پاس بسیط ہے اور امام رازیؒ کے مذہب کے مطابق مرکب ہے (۲) تصورات ثلاثہ کا تصور حکماء کے مذہب کے مطابق تصدیق کے لئے شرط ہے اور تصدیق سے خارج ہے جبکہ امام رازی کے مذہب کے مطابق یہ تصدیق کا شطر اور جز ہے اور تصدیق میں داخل ہے (۳) حکماء کے مذہب کے مطابق حکم ہی نفسِ تصدیق ہے جبکہ امام رازیؒ کے مذہب کے مطابق تصدیق کا جزءِ داخل ہے نفسِ تصدیق نہیں۔

تصدیق کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) بدیہی (۲) نظری۔

بدیہی کی تعریف:۔ بدیہی اس تصدیق کو کہتے ہیں جو فکر وکسب کے بغیر حاصل ہو۔ جیسے:۔ دو چار کا آدھا ہے، کل جز سے بڑا ہے۔

نظری کی تعریف:۔ نظری اس تصدیق کو کہتے ہیں جو فکر وکسب کی محتاج ہو جیسے:۔ عالم حادث ہے، صانع موجود ہے۔

دلالت کا بیان

دلالت کے لغوی معنی رہنمائی کرنے اور راہ دکھلانے کے ہیں اور اصطلاح میں دلالت کہتے ہیں کسی چیز کا اس حیثیت سے ہونا کہ اسکے جاننے سے دوسری شئی کا جاننا لازم آئے۔ شئی اول کو دال اور شئی ثانی کو مدلول اور ان دونوں کے درمیانی تعلق کو دلالت کہتے ہیں۔

دلالت کی دو قسمیں ہیں:۔ (۱) لفظیہ (۲) غیر لفظیہ۔

دلالت لفظیہ کی تعریف:۔ دلالت لفظیہ وہ دلالت ہے جسمیں دال لفظ ہو۔

غیر لفظیہ کی تعریف:۔ دلالت غیر لفظیہ وہ دلالت ہے جس میں دال لفظ نہ ہو۔ اور ان میں سے ہر دو دلالت کی تین قسمیں ہیں

(۱) وضعیہ (۲) طبعیہ (۳) عقلیہ۔

دلالت لفظیہ وضعیہ کی تعریف:۔ وہ دلالت ہے جسمیں دال لفظ ہو اور دلالت باعتبار وضع کے ہو جیسے لفظ زید کی دلالت اسکے مسمی پر

دلالت غیر لفظیہ وضعیہ کی تعریف:۔ وہ دلالت ہے جسمیں دال غیر لفظ ہو اور دلالت باعتبار وضع کے ہو۔ جیسے: دوال اربعہ (خطوط، عقود، نصب، اشارات وغیرہ) کی دلالت انکے مدلولات پر۔

دلالت لفظیہ طبعیہ کی تعریف:۔ وہ دلالت ہے جسمیں دال لفظ ہو اور دلالت باقتضائے طبیعت کے ہو جیسے اُح اُح کی دلالت درد سینہ پر۔

دلالت غیر لفظیہ طبعیہ کی تعریف:۔ وہ دلالت ہے جسمیں دال غیر لفظ ہو اور دلالت باقتضائے طبیعت کے ہو جیسے: گھوڑے کے ہنہنانے کی دلالت پانی اور چارہ کی طلب پر۔

دلالت لفظیہ عقلیہ کی تعریف:۔ وہ دلالت ہے جسمیں دال لفظ ہو اور دلالت باعتبار عقل کے

ہو جیسے: دیوار کے پیچھے سے آنے والی آواز (دیز) کی دلالت بولنے والے کے وجود پر۔

دلالت غیر لفظیہ عقلیہ کی تعریف:۔ وہ دلالت ہے جسمیں دال غیر لفظ ہو اور دلالت باعتبار عقل کے ہو۔ جیسے:۔ دھویں کی دلالت آگ پر۔

ملحوظہ:۔ منطقی ان چھے دلالتوں میں سے صرف دلالت لفظیہ وضعیہ سے بحث کرتا ہے کیونکہ کسی غیر کو فائدہ پہنچانا اور غیر سے فائدہ حاصل کرنا اسی دلالت کے ذریعہ باآسانی میسر ہے برخلاف دیگر دلالتوں کے، کیونکہ انکے ذریعہ بھی افادہ اور استفادہ ممکن ہے مگر انتہائی مشکل کے ساتھ۔

دلالت لفظیہ وضعیہ کی تین قسمیں ہیں:۔ (۱) مطابقی: وہ دلالت ہے جسمیں لفظ اپنے تمام معنی موضوع لہ پر دلالت کرے جیسے: انسان کی دلالت مجموعہ حیوان وناطق پر۔ (۲) تضمنی: وہ دلالت ہے جسمیں لفظ اپنے معنی موضوع لہ کے جزء پر دلالت کرے جیسے: انسان کی دلالت صرف حیوان یا صرف ناطق پر (۳) التزامی: وہ دلالت ہے جس میں لفظ کی دلالت اپنے معنی موضوع لہ کے کل پر ہو نہ جزء پر بلکہ ایسے معنی پر ہو جو موضوع لہ سے خارج اور اسکے لئے لازم ہو، مثلا: انسان کی دلالت علم کی قابلیت پر یا صنعت کتابت پر۔

مفرد کا بیان

لفظ دال کی دو قسمیں ہیں:۔ (۱) مفرد (۲) مرکب۔

مفرد کی تعریف:۔ مفرد وہ لفظ ہے جسکے جزء سے اسکے معنی کے جزء پر دلالت کا قصد نہ کیا گیا ہو۔ اسکی چار صورتیں ہیں (۱) لفظ ہو جز نہ ہو مثلا ہمزۂ استفہام (۲) لفظ ہو جزء ہو لیکن اس لفظ کے جز کی دلالت کسی معنی پر نہ ہو مثلا زید، قلم۔ (۳) لفظ ہو جزء ہو اور لفظ کے جز کی معنی پر دلالت بھی ہو لیکن معنیٔ مقصود کے جزء پر دلالت نہ ہو مثلا عبداللہ جبکہ علم ہو (۴) لفظ ہو جز ہو اور معنیٔ مقصود پر لفظ کے جز کی دلالت بھی ہو لیکن یہ دلالت مقصود نہ ہو مثلا حیوانِ ناطق جبکہ علم ہو۔

معنی کے استقلال وعدم استقلال کے اعتبار سے مفرد کی تین قسمیں ہیں (۱) اسم (۲) کلمہ (۳) اداۃ۔

اسم کی تعریف:۔ وہ مفرد ہے جو مستقل بالمفھوم اور غیر مقترن بالزمان ہو۔

کلمہ کی تعریف: کلمہ وہ مفرد ہے جو مستقل بالمفھوم اور مقترن بالزمان ہو۔

ادات کی تعریف: وہ مفرد ہے جو غیر مستقل بالمفھوم ہو اسکو اہل میزان کے نزدیک اداۃ اور نحویین کے نزدیک حرف کہتے ہیں۔

ملحوظہ: اہل میزان کا کلمہ اور نحویین کا فعل دونوں میں بڑا فرق ہے کیونکہ فعل کلمہ سے زیادہ عام ہے کیونکہ اُضرب نضرب جیسی مثالیں جو نحویین کے نزدیک فعل ہیں وہ منطقیین کے پاس کلمہ نہیں ہیں، کیونکہ کلمہ مفرد کی قسموں سے ہے پس اُضرب مفرد نہیں ہے بلکہ وہ مرکب ہے کیونکہ اسکے لفظ کا جزء معنی کے جزء پر دلالت کرتا ہے پس اُضرب میں جو ہمزہ ہے وہ متکلم پر اور ض، ر، ب، مصدری معنی پر دلالت کرتا ہے۔

معنی کے وحدت وکثرت کے اعتبار سے مفرد کی دو قسمیں ہیں (۱) وہ مفرد ہے جس کے معنی ایک ہوں اور اسکو متوحد المعنی کہا جاتا ہے۔ (۲) وہ مفرد ہے جس کے معنی ایک سے زائد ہوں اور اس کو متکثر المعنی کہا جاتا ہے۔ متوحد المعنی کی تین قسمیں ہیں (۱) علم (۲) متواطی (۳) مشکک۔

علم (جزئی حقیقی) کی تعریف:۔ وہ لفظ مفرد ہے جس کے معنی متعین اور مشخص ہو جیسے زید، ہذا، ھو۔

متواطی کی تعریف: وہ لفظ مفرد ہے جس کے معنی مشخص نہ ہوں بلکہ اسکے کثیر افراد ہوں اور وہ معنی اپنے تمام افراد پر یکساں طور پر صادق آئے بغیر اولیت اور اشدیت اور اولویت کے تفاوت کے۔ مثلا لفظ انسان کہ اسکا معنی ''حیوان ناطق'' ہر فرد انسان پر یکساں طور پر صادق آتا ہے خواہ وہ گورا ہو یا کالا، مرد ہو یا عورت، بچہ ہو یا بوڑھا، عربی ہو کہ عجمی،

مشکک کی تعریف:۔ وہ لفظ مفرد ہے جسکے کثیر افراد ہوں اور وہ اپنے تمام افراد پر یکساں طور پر صادق نہ آئے بلکہ اس میں اولیت اور اشدیت اور اولویت کا تفاوت ہو۔ جیسے لفظ ''وجود'' کہ اسکا صدق رب العزت کی ذات اقدس پر اولی اور مخلوق پر غیر اولی ہے اسی طرح اسکا صدق خالق کائنات کی ذات اقدس پر اول واقدم اور مخلوق پر مؤخر ہے اسی طرح ابیض کا صدق دودھ پر اشد اور ہڈی پر اضعف ہے

متکثر المعنی کی بھی تین قسمیں ہیں (۱) مشترک (۲) منقول (۳) حقیقت مجاز۔

مشترک کی تعریف:۔ مشترک وہ لفظ مفرد ہے جس کی وضع ابتداء چند معنوں کے لئے علحدہ وضعوں سے کی گئی ہو، جیسے لفظِ عین اس کے معنی ذاتِ شیء، آنکھ، چشمہ، گھٹنا، سونا، سورج وغیرہ ہیں۔

منقول کی تعریف:۔ منقول وہ مفرد ہے جو پہلے ایک معنی کے لئے وضع کیا گیا ہو پھر کسی مناسبت سے دوسرے معنی میں مستعمل ہوکر مشہور ہوگیا ہو اور معنی اول متروک ہوگئے ہوں ناقل کے اعتبار سے منقول کی تین قسمیں ہیں (۱) منقول شرعی (۲) منقول عرفی (۳) منقول اصطلاحی۔

منقول شرعی کی تعریف:۔ وہ لفظ ہے جس کو اربابِ شرع نے پہلے معنی سے دوسرے معنی کی طرف نقل کیا ہو، جیسے لفظ صلوۃ۔ کہ یہ پہلے دعاء کے معنی میں تھا اور اب ارکان مخصوصہ میں مستعمل ہے

منقول عرفی کی تعریف:۔ وہ لفظ ہے جس کو عرفِ عام نے پہلے معنی سے دوسرے کی طرف نقل کیا ہو، جیسے لفظ دابۃ جو پہلے زمین پر رینگنے والے ہر جانور کے لئے وضع ہوا تھا پھر چوپائے کے لئے استعمال ہوکر اس معنی میں مشہور ہوگیا۔

منقول اصطلاحی کی تعریف:۔ وہ لفظ ہے جس کو کسی خاص جماعت نے پہلے معنی سے دوسرے معنی کی طرف نقل کیا ہو جیسے نحویین کی اصطلاح اور صرفیین کی اصطلاح وغیرہ

حقیقت کی تعریف: وہ لفظ ہے جو اپنے معنی موضوع لہ میں مستعمل ہو جیسے لفظ اسد یعنی شیر جبکہ اس سے مراد مشہور درندہ جانور مراد ہو۔

مجاز کی تعریف: مجاز وہ لفظ ہے جو اپنے معنی موضوع لہ کے غیر میں مستعمل ہو جیسے لفظ اسد یعنی شیر جبکہ اس سے مراد بہادر آدمی ہو۔

مرادف کی تعریف: اگر لفظ متعدد ہوں اور معنی ایک ہوں تو اسکو مرادف کہتے ہیں جیسے اُسد، لیث، یہ دونوں کے معنی شیر کے ہیں

مرکب کا بیان

مرکب کی تعریف:۔ وہ لفظ ہے جسکے جزء سے اسکے معنی کے جزء پر دلالت کا قصد کیا گیا ہو مثلا :۔زید قائم کی دلالت اسکے معنی پر۔

مرکب کی دو قسمیں ہیں: (۱) مرکب تام (۲) مرکب ناقص۔

مرکب تام کی تعریف: وہ مرکب ہے جس پر سکوت درست ہو جیسے زید قائم۔

مرکب ناقص کی تعریف:۔ وہ مرکب ہے جس پر سکوت درست نہ ہو جیسے غلام زید۔

مرکب تام کی دو قسمیں ہیں (۱) خبر وقضیہ (۲) انشاء۔

خبر وقضیہ کی تعریف:۔ وہ مرکب ہے جس سے حکایت کا قصد کیا جائے اور وہ صدق وکذب کا احتمال رکھتا ہو، مثلا السماء فوقنا' العالم حادث.

انشاء کی تعریف: وہ مرکب ہے جسمیں کسی حکایت کا قصد نہ کیا گیا ہو اور وہ سچ اور جھوٹ کا احتمال نہ رکھتا ہو، انشاء کی چند قسمیں ہیں (۱) امر جیسے إقرأ (۲) نہی جیسے لا تکسل (۳) تمنی جیسے لیت زیدا حاضر (۴) ترجی جیسے لعل التلمیذ ناجح (۵) استفھام جیسے ھل قرأ زید (۶) ندا جیسے یـاولد مرکب ناقص کی چند قسمیں ہیں (۱) مرکب اضافی جیسے غلام زید (۲) مرکب توصیفی جیسے الرجل العالم (۳) مرکب تقییدی جیسے في الدار.

کلی جزئی کا بیان

مفہوم کی تعریف: جو چیز ذہن میں حاصل ہو اسکو مفہوم کہتے ہیں اسکی دو قسمیں ہیں (۱) جزئی (۲) کلی

(۱) جزئی کی تعریف: وہ مفہوم ہے جسکا نفس تصور کثیرین پر صادق آنے سے مانع ہو مثلا زید ،عمرو، یہ دیوار، یہ گھوڑا وغیرہ۔

(۲) کلی کی تعریف: وہ مفہوم ہے جسکا نفس تصور اسمیں شرکت کے واقع ہونے سے اور اسکے کثیرین پر صادق آنے سے مانع نہ ہو مثلا انسان، گھوڑا وغیرہ۔

افراد کے خارج میں وجود وعدم کے اعتبار سے کلی کی چھ قسمیں ہیں (۱) وہ کلی ہے جسکے افراد کا وجود خارج میں ممتنع ہو مثلا باریٔ تعالی کا شریک 'لاشـیء' لامـمکن ' لا موجود" (۲) وہ کلی ہے جسکے افراد کا وجود خارج میں ممکن تو ہے لیکن پایا نہ جائے مثلا عنقاء' یاقوت کا پہاڑ۔ (۳) وہ کلی ہے جسکے افراد کا وجود خارج میں ممکن تو ہے لیکن اسکا صرف ایک فرد پایا جائے اور دوسرے کا پایا جانا ممتنع ہو مثلا واجب تعالی کا وجود۔ (۴) وہ کلی ہے جسکے افراد کا وجود ممکن ہو اور اسکا صرف ایک فرد پایا جائے لیکن دوسرے کا پایا جانا بھی ممکن ہو مثلا آفتاب۔ (۵) وہ کلی ہے جسکے کثیر افراد خارج میں پائے جائیں لیکن وہ متناہی ہوں مثلا سات ستارے۔ (۶) وہ کلی ہے جسکے کثیر افراد خارج میں پائے جائیں اور وہ غیر متناہی ہوں مثلا انسان اور گھوڑا' بکری اور گائے کے افراد۔

نسبت بین الکلیین

دوکلیوں کے درمیان چار قسم کی نسبتوں میں سے کوئی ضرور پائی جائیگی (۱) تساوی (۲) تباین (۳) عموم خصوص مطلق (۴) عموم خصوص من وجہ۔

(۱) تساوی کی تعریف: نسبت تساوی دوکلیوں کے درمیان پائی جانے والی وہ نسبت ہیکہ جسمیں پہلی کلی کے تمام افراد دوسری کلی پر اور دوسری کلی کے تمام افراد پہلی کلی پر صادق آئیں مثلا انسان' ناطق۔

(۲) تباین کی تعریف: نسبت تباین دوکلیوں کے درمیان پائی جانے والی وہ نسبت ہے جسمیں پہلی کلی کا کوئی فرد دوسری کلی پر اور دوسری کلی کا کوئی فرد پہلی کلی پر صادق نہ آئے مثلا انسان' حجر۔

(۳) عموم خصوص مطلق کی تعریف: عموم خصوص مطلق دوکلیوں کے درمیان پائی جانے والی وہ نسبت ہے کہ جسمیں کسی ایک کلی کے تمام افراد دوسری کلی پر اور دوسری کلی کے بعض افراد پہلی کلی پر صادق آئیں مثلا انسان' حیوان۔

(۴) عموم خصوص من وجہ کی تعریف: عموم خصوص من وجہ دوکلیوں کے درمیان پائی جانے والی وہ نسبت کہ جسمیں پہلی کلی کے بعض افراد دوسری کلی پر اور دوسری کلی کے بعض افراد پہلی کلی پر صادق آئیں مثلا حیوان. ابیض

کلیات

کلی کی دو قسمیں ہیں (۱) ذاتی (۲) عرضی

ذاتی کی تعریف:۔ وہ کلی ہے جو اپنے افراد کی حقیقت میں داخل ہو

عرضی کی تعریف:۔ وہ کلی ہے جو اپنے افراد کی حقیقت سے خارج ہو۔ کلی ذاتی کی تین قسمیں ہیں (۱) جنس (۲) نوع (۳) فصل، کلی عرضی کی دو قسمیں ہیں (۱) خاصہ (۲) عرض عام

(۱) جنس کی تعرف: جنس وہ کلی ذاتی ہے جو مختلف حقیقت رکھنے والے کثیر افراد پر 'ماھو' کے جواب میں بولی جائے مثلاً حیوان۔ جنس کی دو قسمیں ہیں (۱) قریب (۲) بعید

جنس قریب کی تعریف:۔ وہ جنس ہے جو اپنے ہر فرد کے جواب میں محمول ہو جیسے حیوان۔ یہ انسان کی جنس قریب ہے اس لئے کہ حیوان کے جس فرد سے بھی انسان کے ساتھ ملا کر "ماھما" کے ذریعہ سوال کیا جائے تو جواب میں حیوان واقع ہوگا۔ مثلا الانسان والفرس ماھما؟ الانسان والاسد ماھما؟ الانسان والغنم ماھما؟ ان سب کے جواب میں حیوان آئیگا۔

جنس بعید کی تعریف:۔ وہ جنس ہے جو اپنے ہر فرد کے جواب میں محمول نہ ہو جیسے جسم نامی۔ کیونکہ جسم نامی کے کچھ افراد ایسے ہیں کہ جب ان کو انسان کے ساتھ ملا کر ماھما کے ذریعہ سوال کیا جائے تو جواب میں جسم نامی آئیگا اور کچھ افراد کے جواب میں نہیں آئیگا مثلا الانسان والنخل ماھما؟ کے جواب میں جسم نامی آئیگا اور الانسان والحمار ماھما؟ کے جواب میں جسم نامی نہیں آئیگا بلکہ حیوان آئیگا۔ حالانکہ نخل کی طرح حمار بھی جسم نامی کے افراد میں داخل ہے۔

(۲) نوع کی دو قسمیں ہیں (۱) حقیقی (۲) اضافی

(۱) نوع حقیقی کی تعریف: نوع حقیقی وہ کلی ذاتی ہے جو ایک حقیقت رکھنے والے کثیر افراد پر 'ماھو' کے جواب میں بولی جائے مثلاً انسان۔

کہ انسان کا اطلاق زید' عمر' بکر' پر ہوا اور یہ سب ایک حقیقت والے افراد ہیں کیونکہ سب کی حقیقت حیوان ناطق ہے لہذا انسان نوع حقیقی ہے

نوع اضافی کی تعریف:۔ نوع اضافی وہ کلی ذاتی ہے جسکے ساتھ کسی دوسری ماھیت کو لیکر 'ماھما

' کے ذریعہ سوال کیا جائے تو جواب میں جنس بولی جائے جیسے حیوان کہ اس کو شجر کے ساتھ لے کر سوال کیا جائے کہ 'الحیوان والشجر ماھما؟' تو جواب میں جسم نامی بولا جائیگا یہی نوع اضافی ہے۔

(۳) فصل کی تعریف: فصل وہ کلی ذاتی ہے جو 'أی شیء ھو فی ذاتہ' کے جواب میں بولی جائے مثلاً ناطق۔

فصل کی دو قسمیں ہیں: (۱) فصل قریب (۲) فصل بعید۔

فصل قریب کی تعریف:۔ وہ فصل ہے جو ماہیت کو ان افراد سے ممتاز کرے جو اس کی جنس قریب میں شریک ہیں، جیسے ناطق کے انسان کو حیوانیت میں شریک ہونے والے افراد سے تمیز دیتا ہے۔

فصل بعید کی تعریف:۔ وہ فصل ہے جو ماہیت کو ان افراد سے ممتاز کرے جو اسکی جنس بعید میں شریک ہیں، جیسے حساس کہ انسان کے ان افراد کو تمیز دیتا ہے جو اس کے ساتھ جسمِ نامی ہونے میں شریک ہیں۔

(۴) خاصہ کی تعریف: خاصہ وہ کلی عرضی ہے جو اپنے افراد کی حقیقت سے خارج ہو اور صرف ایک حقیقت رکھنے والے افراد کے ساتھ خاص ہو مثلاً ضاحک' کاتب' انسان کیلئے خاصہ ہے اس لئے کہ وہ صرف حقیقت انسان کے افراد پر بولا جاتا ہے

خاصہ کی دو قسمیں ہیں (۱) شاملہ (۲) غیر شاملہ

شاملہ کی تعریف:۔ خاصہ شاملہ وہ کلی عرضی ہے جو ایک حقیقت کے تمام افراد کو شامل ہو جیسے ضاحک بالقوہ اور کاتب بالقوہ حقیقت انسان کیلئے۔

غیر شاملہ کی تعریف:۔ خاصہ غیر شاملہ وہ کلی عرضی ہے جو ایک حقیقت کے تمام افراد کو شامل نہ ہو جیسے ضاحک بالفعل' کاتب بالفعل حقیقت انسان کیلئے خاصہ ہے لیکن انسان کے تمام افراد کو شامل نہیں۔

(۵) عرض عام کی تعریف: عرض عام وہ کلی عرضی ہے جو اپنے افراد کی حقیقت سے خارج ہو اور مختلف حقیقت رکھنے والے افراد پر صادق آئے مثلاً ماشی۔

خاصہ اور عرض عام میں سے ہر ایک کی دو قسمیں ہیں (۱) لازم (۲) مفارق

(۱) عرض لازم کی تعریف: ۔ وہ کلی عرضی ہے (خواہ خاصہ ہو یا عرض عام) جسکا اپنے معروض سے جدا ہونا محال و ناممکن ہو۔ جیسے حرارت آگ کیلیے کہ حرارت آگ سے کبھی جدا نہیں ہوتی لھذا حرارت آگ کیلئے لازم ہے۔

ماھیت اور وجود کے اعتبار سے لازم کی دو قسمیں ہیں (۱) لازم الماھیت (۲) لازم الوجود

لازم الماھیت کی تعریف: ۔ وہ لازم ہے جسکا معروض سے باعتبار ماھیت کے جدا ہونا محال ہو۔ مثلا زوجیت (جفت) چار کیلئے لازم ہے کیونکہ چار کی فطرت وحقیقت میں جفت داخل ہے اسی طرح فردیت (طاق) تین کیلئے لازم ہے کیونکہ تین کی طبیعت و ماھیت میں طاق داخل ہے

لازم الوجود کی تعریف: ۔ وہ لازم ہے جسکا معروض سے باعتبار وجود کے جدا ہونا محال ہو مثلا سواد (کالا ہونا) حبشی کیلئے لازم ہے۔ لیکن یہ لزوم حبشی کے وجود کے اعتبار سے ہے ماھیت کے اعتبار سے نہیں کیونکہ حبشی کی ماھیت تو انسان وحیوان ناطق ہے۔ یعنی جو شخص ملک حبشہ کا رہنے والا ہوگا وہ کالا ہوگا ایسا نہیں کہ اسکی ماھیت ہی کالا ہونا ہے۔

(۲) عرض مفارق کی تعریف: ۔ وہ کلی عرضی ہے (خواہ خواصہ ہو یا عرض عام) جسکا اپنے معروض سے جدا ہونا محال نہ ہو بلکہ ممکن ہو جیسے کتابت بالفعل انسان کیلئے عرض لازم ہے چونکہ انسان ہمہ وقت کاتب بالفعل نہیں ہوتا بلکہ کتابت انسان سے کبھی جدا ہو جاتی ہے اسی وجہ سے اسے عرض مفارق کہتے ہیں۔

عرض لازم کی بین وغیر بین کے اعتبار سے دو قسمیں ہیں: ۔ (۱) لازم بین (۲) لازم غیر بین

لازم بین کی تعریف: ۔ اس لازم کو کہتے ہیں جسکا لزوم محتاج دلیل نہ ہو بلکہ وہ واضح اور ظاہر ہو۔

لازم غیر بین کی تعریف: ۔ اس لازم کو کہتے ہیں جسکا لزوم محتاج دلیل ہو پھر ان میں سے ہر ایک کی دو قسمیں ہیں (۱) بین بالمعنی الاخص (۲) بین بالمعنی الاعم' اس طرح لازم کی چار قسمیں ہیں

(۱) لازم بین بالمعنی الاخص کی تعریف: ۔ وہ عرض لازم ہے جسکے ملزوم کے تصور سے اسکا تصور لازم آ جائے ۔ یعنی لازم وملزوم کے درمیان ایسا گہرا تعلق وربط ہو کہ جب ملزوم کا تصور کیا جائے تو ساتھ ہی لازم کا تصور بھی ہو جائے جیسے بصر اعمی کے لئے لازم بین بالمعنی الاخص ہے اسلئے کہ اعمی کہتے ہیں فاقد البصر کو اور ظاہر ہے کہ جب فاقد البصر کا تصور کیا جائیگا تو یقیناً بصر کا بھی تصور ہو جائیگا۔

(۲) لازم غیر بین بالمعنی الاعم کی تعریف: ۔ وہ عرض لازم ہے جسکے ملزوم کے تصور سے اسکا تصور لازم نہ آئے جیسے کتابت بالقوۃ انسان کیلئے کیونکہ جب انسان جو کہ ملزوم ہے اسکا تصور کیا جائے تو اس سے کتابت بالقوۃ کا تصور لازم نہیں آتا جو کہ لازم ہے

(۳) لازم بین بالمعنی الأعم کی تعریف: ۔ وہ عرض لازم ہے کہ جب لازم اور ملزوم کا تصور کیا جائے تو ان دونوں کے درمیان لزوم کا جزم اور یقین ہو جائے جیسے زوجیت (جفت) اربعہ کیلئے لازم بین بالمعنی الاعم ہے کیونکہ جب اربعہ کا تصور کیا جائے جو ملزوم ہے اور جفت کا تصور کیا جائے جو لازم ہے تو یقیناً ان دونوں کے درمیان لزوم کا جزم اور یقین حاصل ہوگا کہ چار جفت ہے اور دو برابر حصوں میں منقسم ہے

(۴) لازم غیر بین بالمعنی الاخص کی تعریف: ۔ وہ عرض لازم ہے جسکا ملزوم کے ساتھ تصور کرنے سے لزوم کا جزم اور یقین حاصل نہ ہو جب تک کہ ان دونوں کے درمیان دلیل قائم نہ کی جائے جیسے حدوث' عالم کے لے لازم غیر بین بالمعنی الاخص ہے کیونکہ جب ان دونوں کا تصور کیا جاتا ہے تو انکے درمیان بغیر دلیل کے لزوم ثابت نہیں ہوتا بلکہ دلیل کی ضرورت پیش آتی ہے کہ العالم متغیر' وکل متغیر حادث' فالعالم حادث۔

عرض مفارق کی دو قسمیں ہیں ۔ (۱) پہلی قسم وہ عرض مفارق ہے جو اپنے معروض کو دائمی طور پر لاحق ہو یعنی اس سے جدا ہونا ممکن تو ہو مگر کبھی جدا نہ ہو۔ اسکو عدیم الزوال کہتے ہیں جیسے حرکت فلک کیلئے کہ آسمان سے حرکت زائل ہو سکتی ہے لیکن زائل نہیں ہوتی یعنی جدائی بالا مکان ہو بالفعل نہ ہو۔

(۲) دوسری قسم وہ عرض مفارق ہے جو اپنے معروض سے جدا بھی ہو اور اسکی دو صورتیں ہیں

(۱) سریع الزوال (۲) بطی ءالزوال

سریع الزوال'' وہ عرض مفارق ہے جواپنے معروض سے فورا جدا ہو جائے مثلا شرمندہ ہونے والے کے چہرہ کی سرخی اورڈرنے والے کے چہرے کی زردی۔ یہ وقتی ہوتی ہے

بطی ءالزوال'' وہ عرض مفارق ہے جواپنے معروض سے دیر سے جدا ہو۔ مثلا جوانی اور ادھیڑ پن وغیرہ

اجناس کا بیان

ترتیب کے اعتبار سے جنس کی تین قسمیں ہیں (۱) سافل (۲) متوسط (۳) عالی

جنس سافل کی تعریف:۔ وہ جنس ہے جسکے اوپر تو جنس ہو مگر نیچے کوئی جنس نہ ہو بلکہ نوع ہو جیسے حیوان' کہ اس کے اوپر جسم نامی' جسم مطلق اور جوہر ہیں اور یہ سب جنس ہیں مگر اسکے نیچے کوئی جنس نہیں کیونکہ اس کے نیچے انسان ہے اور یہ نوع ہے۔

جنس متوسط کی تعریف:۔ وہ جنس ہے جس کے اوپر اور نیچے دونوں طرف جنس ہو جیسے جسم نامی کہ اس کے اوپر جسم مطلق اور جوہر ہیں۔ اور یہ دونوں جنس ہیں نیز اس کے نیچے حیوان ہے اور یہ بھی جنس ہے اسی طرح جسم مطلق کہ اس کے اوپر جوہر ہے اور نیچے جسم نامی اور حیوان ہیں اور یہ سب جنس ہیں۔

جنس عالی کی تعریف:۔ وہ جنس ہے جس کے نیچے تو جنس ہو مگر اوپر کوئی جنس نہ ہو جیسے جوہر کہ اس کے نیچے جسم مطلق، جسم نامی اور حیوان ہیں اور یہ سب جنس ہیں لیکن اس کے اوپر کوئی جنس نہیں' جنس عالی کو جنس الاجناس بھی کہا جاتا ہے کیونکہ یہ تمام جنسوں کی جنس ہے۔

واضح رہے کہ جنس کی ایک چوتھی قسم جنس مفرد ہے اور وہ ایسی جنس ہے جو اس ترتیب میں واقع نہ ہو یعنی نہ تو اس کے نیچے جنس ہو اور نہ ہی اس کے اوپر جنس ہو جیسے عقل' اس اعتبار سے کہ اس کے افراد مختلف الحقیقت ہوں اور ان کے واسطے جوہر جنس نہ ہو تو اس وقت عقل جنس مفرد ہے کیونکہ اس کے نیچے اور اوپر کوئی جنس نہیں۔

اجناس عالیہ ۱۰ ہیں:۔ ان کو مقولات عشرہ بھی کہا جاتا ہے ان مقولات میں سے ایک جوہر ہے اور بقیہ نو اعراض ہیں

جوہر کی تعریف:۔ جوہر وہ جنس عالی ہے جو موجود تو ہو لیکن اپنے وجود میں کسی محل کا محتاج نہ ہو بلکہ قائم بالذات ہو جیسے کل اجسام انسان شجر' حجر' یہ سب بالذات قائم ہیں اور اپنے وجود کے لئے کسی محل کے محتاج نہیں لہذا جوہر ہیں۔

عرض کی تعریف:۔ وہ جنس ہے جو کسی محل میں موجود ہو یعنی اپنے وجود میں کسی محل کی محتاج ہو 'قائم بالذات نہ ہو جیسے موٹاپا کہ یہ اپنے وجود کیلئے جسم کا محتاج ہوتا ہے قائم بالذات نہیں ہوتا ۔اعراض تسعہ حسب ذیل ہیں

کم:۔ وہ عرض ہے جو بذاتہ قسمت کو اور تجزی کو قبول کرے اسکی دو قسمیں ہیں متصل، منفصل' متصل وہ کم ہے جو اپنے اجزاء کے درمیان مشترک ہو جیسے مقدار' منفصل وہ کم ہے جو اپنے اجزاء کے درمیان مشترک نہ ہو جیسے عدد'

پھر کم متصل دو قسم پر ہے کیونکہ کم متصل کے اجزاء اگر مجتمع فی الوجود ہو سکیں تو اس کو قار الذات کہتے ہیں جیسے جسم اور اگر مجتمع فی الوجود نہ ہو سکیں تو غیر قار الذات کہتے ہیں جیسے زمانہ

(۲) کیف وہ عرض ہے جو قسمت اور نسبت کو مقتضی نہ ہو جیسے خوبصورتی اور بدصورتی وغیرہ

(۳) اضافت:۔ اس نسبت کا نام ہے جو ایسی دو شیء کے درمیان ہو جن میں سے ایک کا سمجھنا دوسرے پر موقوف ہو' جیسے ابوۃ' بنوۃ یعنی باپ ہونا اور بیٹا ہونا وغیرہ

(۴) این:۔ اس حالت کا نام ہے جو کسی شیء کو مکان میں ہونے کے اعتبار سے حاصل ہو جیسے زید کا گھر میں ہونا۔

(۵) ملک:۔ اس ہیئت کا نام ہے جو کسی جسم کے ساتھ کسی چیز کے متصل ہونے سے حاصل ہوتی ہے جیسے ٹوپی وکوٹ وغیرہ پہننے کے بعد جو ہیئت ہوتی ہے۔

(۶) فعل:۔ اس ہیئت کا نام ہے جو فاعل کے کسی چیز میں اثر ڈالنے کی وجہ سے حاصل ہوتی ہے جیسے کاتب کا لکھنا' بڑھئی کا لکڑی کاٹنے کے لئے آری چلانا وغیرہ

(۷) انفعال:۔ اس ہیئت کا نام ہے جو کسی شیء کو اس وقت حاصل ہوتی ہے جب وہ فاعل کا اثر قبول کر لیتی ہے جیسے لکڑی کاٹنے پر اس کا کٹ جانا۔

(۸) متی:۔ اس ہیئت کا نام ہے جو کسی شیء کو زمان میں ہونے کے اعتبار سے حاصل ہو

جیسے جمعہ کے روز چھٹی کا ہونا

(۹) وضع: ۔ اس ہیئت کا نام ہے جو جسم کو اس کے باہمی اجزاء کے اتصال وانفصال سے حاصل ہوتی ہے جیسے بیٹھنے کی ہیئت' کھڑے ہونے کی ہیئت وغیرہ۔ یہ مذکورہ اجناس عالیہ (مقولات عشرہ) فارسی کے اس شعر میں پائے جاتے ہیں

مردے دراز نیکو دیدم بشہر امروز   باخواستہ نشستہ از کرد خویش فیروز

(یعنی میں نے آج ایک لمبے مرد کو شہر میں دیکھا جو محبوب کے ساتھ بیٹھ کر اپنی کارکردگی پر خوش تھا) مردے جوہر ہے دراز کم ہے نیکو کیف ہے۔ دیدم انفعال ہے شہر این ہے امروز متی ہے خواستہ اضافت ہے نشستہ وضع ہے کرد فعل ہے فیروز ملک ہے۔

ترتیب کے اعتبار سے نوع کی بھی تین قسمیں ہیں (۱) نوع عالی (۲) نوع متوسط (۳) نوع سافل

نوع عالی کی تعریف: ۔ وہ نوع ہے جسکے نیچے تو نوع ہو لیکن اوپر کوئی نوع نہ ہو بلکہ اوپر جنس ہو جیسے جسم مطلق کہ اس کے نیچے جسم نامی' حیوان' انسان ہیں اور یہ سب نوع ہیں لیکن اسکے اوپر کوئی نوع نہیں کیونکہ اسکے اوپر جوہر ہے اور وہ جنس الاجناس ہے

نوع متوسط کی تعریف: ۔ وہ نوع ہے جس کے اوپر اور نیچے دونوں طرف نوع ہو جیسے حیوان اور جسم نامی کہ ان دونوں کے اوپر جسم مطلق ہے اور وہ نوع ہے نیز ان کے نیچے انسان ہے اور یہ بھی نوع ہے

(۳) نوع سافل کی تعریف: ۔ وہ نوع ہے جس کے اوپر تو نوع ہو مگر نیچے کوئی نوع نہ ہو جیسے انسان کہ انکے اوپر حیوان' جسم نامی' جسم مطلق' نوع ہیں لیکن اسکے نیچے کوئی نوع نہیں بلکہ اس کے نیچے فرد نوع ہے' نوع سافل کو نوع الانواع بھی کہا جاتا ہے کیونکہ یہ تمام انواع کی نوع ہوتی ہے۔ نیز نوع کی ایک چوتھی قسم نوع مفرد بھی ہے جس کے نہ نیچے نوع ہو اور نہ اوپر جیسے عقل' اس کے نیچے کوئی نوع نہیں بلکہ اس کے نیچے اشخاص ہوتے ہیں اور اس کے اوپر بھی نوع نہیں اس لئے کہ اس کے اوپر جوہر ہے جو نوع نہیں ہے بلکہ جنس ہے اسی وجہ سے اس کو نوع مفرد کہتے ہیں کہ وہ تنہا ہے کہ نہ اس کے اوپر کوئی نوع ہے اور نہ نیچے

تعریفات

واضح ہو کہ نامعلوم تصور کو حاصل کرنے کے لئے معلوم تصور کو ترتیب دی جاتی ہے جسکی صورت یہ ہوتی ہے کہ معرف (بالفتح) کو موضوع بنایا جائے اور معرف (بالکسر) کو محمول بنایا جائے جس سے نامعلوم تصور حاصل ہو جائے وہ تصور جو معلوم ہو اسکو معرف کہتے ہیں اور جو نامعلوم ہو اسکو معرف کہتے ہیں

معرف کی تعریف: ۔ کسی شیء کا معرف وہ ہے جو شیء پر اس غرض سے محمول ہو کہ اسکی حقیقت کا تصور دلا سکے اور اس سے کسی قدر امتیاز عن الغیر حاصل ہوتا ہو مثلا یہ جاننا ہے کہ جوہر کیا ہے تو اسے معلوم کرنے کیلئے اسے موضوع بنا کر قائم بنفسہ کو محمول بنایا جائیگا اور اسطرح کہا جائیگا الجوھر قائم بنفسہ یعنی جوہر وہ ہے جو قائم بالذات ہو

ملحوظہ: ۔ اس سے چند چیزیں واضح ہوتی ہیں (۱) معرف (بالفتح) کی بنسبت معرف (بالکسر) کا زیادہ ظاہر اور زیادہ مشہور ہونا ضروری ہے اسلئے کہ مخاطب کے نزدیک اگر دونوں برابر ہوں یا وہ معرف (بالکسر) سے زیادہ معرف کو جانتا ہو تو تعریف سے کوئی فائدہ حاصل نہ ہوگا۔

(۲) تعریف میں مشترک ونادر الفاظ اور اسمائے مجازیہ کا استعمال ممنوع ہے (۳) تعریف الشیء بنفسہ جائزنہس اسلئے کہ اگر وہ اسکو جانتا ہوتا تو تعریف کی ضرورت ہی پیش نہ آتی

معرف کی چار قسمیں ہیں: ۔ (۱) حدتام (۲) حدناقص (۳) رسم تام (۴) رسم ناقص

حدتام کی تعریف: ۔ وہ معرف ہے جسمیں شیء کی تعریف اسکی جنس قریب اور فصل قریب کے ذریعہ کی جائے جیسے انسان کی تعریف حیوان ناطق کے ذریعہ کی جائے' مثلا الانسان حیوان ناطق تو یہ حدتام ہے کیونکہ حیوان انسان کی جنس قریب ہے اور ناطق فصل قریب ہے

حدناقص کی تعریف: ۔ وہ معرف ہے جس میں شیء کی تعریف اسکی جنس بعید اور فصل قریب یا صرف فصل قریب کے ذریعہ کی جائے جیسے انسان کی تعریف جسم ناطق یا صرف ناطق کے ذریعہ کیجائے' مثلا الانسان جسم ناطق او ناطق' تو یہ حدناقص ہے کیونکہ جسم انسان کی جنس بعید ہے اور ناطق فصل قریب ہے

رسم تام کی تعریف:۔ وہ معرف ہے جسمیں شی ء کی تعریف اسکی جنس قریب اور خاصہ کے ذریعہ کی جائے، جیسے انسان کی تعریف حیوان ضاحک کے ذریعہ کی جائے ۔ مثلا الانسان حیوان ضاحک تو یہ رسم تام ہے کیونکہ حیوان انسان کے لئے جنس قریب ہے اور ضاحک اسکا خاصہ ہے

رسم ناقص کی تعریف:۔ وہ معرف ہے جسمیں شی ء کی تعریف اسکی جنس بعید اور خاصہ کے ذریعہ یا صرف خاصہ کے ذریعہ کی جائے جیسے انسان کی تعریف جسم ضاحک یا صرف ضاحک کے ذریعہ کی جائے مثلا الانسان جسم ضاحک أو ضاحک تو یہ رسم ناقص ہے کیونکہ جسم انسان کی جنس بعید ہے اور ضاحک اسکا خاصہ ہے۔

ملحوظہ:۔ کسی شی ء کی تعریف میں عرض عام کا کوئی دخل نہیں ہوتا کیونکہ تعریف کی غرض یہ ہوتی ہیکہ معرف (بالفتح) کے افراد دیگر افراد سے ممتاز ہو جائیں اور معرف کی ذات سے واقفیت حاصل ہو جائے اور عرض عام کے ذریعہ اس امتیاز اور واقفیت کا فائدہ حاصل نہیں ہوتا مثلا حیوان کی تعریف میں کہا جائے الحیوان ھو جسم ابیض (یہاں ابیض حیوان کے لئے عرض عام ہے) تو اس تعریف سے کچھ فائدہ حاصل نہ ہوگا کیونکہ 'ابیض' حیوان کے علاوہ غیر حیوان بھی ہوتا ہے نیز حیوان کے بہت سارے افراد ابیض نہیں ہوتے' لھذا یہ تعریف اپنے افراد کو جامع بھی نہ ہوگی اور دخول غیر کو مانع بھی نہ ہوگی جبکہ تعریف کا کمال جامع اور مانع ہونا ہے لہذا عرض عام کے ذریعہ تعریف درست نہیں ہے۔

o-o-o

QASID KITAB GHAR
Mohammad Hanif Razvi Nagarchi
Near Jamia Masjid, Arcot Dargah,
BIJAPUR-586104, (Karnataka)

انواری منطق

(تصورات)

اهتمام

مدرسة الامام انوار اللهؒ

ناشر

الهدایة پبلیکیشنز

حیدرآباد - الهند

اعلان

شیخ الاسلام حضرت مولانا حافظ محمد انوار اللہ فاروقی قدس سرہ العزیز نے ۱۲۹۲ھ میں علوم اسلامیہ کی اشاعت و دین مبین کی حفاظت کے لئے جامعہ نظامیہ کو قائم فرمایا۔ الحمد للہ اپنے قیام سے تا حال جامعہ نظامیہ علم دین کی تعلیم و اشاعت میں مصروف ہے۔ اس مرکزی علمی درسگاہ سے لاکھوں طالبان علم فیض یاب ہوئے اور انشاء اللہ العزیز تا قیام قیامت اس کا علمی فیض جاری رہے گا۔ شیخ الاسلام علیہ الرحمۃ نے جامعہ نظامیہ کے قیام کے بعد ۱۳۳۰ھ میں علوم اسلامیہ کی مفید و نادر تحقیقی اصلاحی اور معلومات آفریں کتب کی اشاعت کے لئے ایک ادارہ بنام ''مجلس اشاعت العلوم'' قائم فرمایا۔ مجلس اشاعت العلوم جامعہ نظامیہ نے تفسیر' حدیث' فقہ' کلام' تصوف' فلسفہ اسلام' تاریخ و سیرت' اخلاق و فضائل' معجزات و کرامات' استعانت' ردوہابیت' ردقادیانیت' زیارت قبور' علم غیب' طبقات اولیاء' میلاد مبارک' رویت الٰہی' وحی' عشق و محبت' سماع موتی' ندا' جواز قیام' وسیلہ' معراج مبارک وغیرہ جیسے اہم مسائل پر شیخ الاسلام بانی جامعہ نظامیہ علیہ الرحمۃ و دیگر علمائے اعلام کی مدلل و عمدہ تصانیف شائع کی ہیں جن کا مطالعہ ایمان و یقین اور عمل میں پختگی کا باعث ہے۔ نیز شعبہ تحقیقات اسلامیہ جامعہ نظامیہ سے تنقیح و تصحیح کے بعد نصاب اہل خدمات شرعیہ کو بزبان اُردو و انگریزی شائع کیا گیا۔ جو معتبر فقہی کتب سے ماخوذ اور عقائد اہل سنت و جماعت کے مطابق ہے۔ اس کتاب کا ہر گھر میں رہنا ضروری ہے۔ اسی طرح الکلام المرفوع کو عربی زبان میں اور رد قادیانیت میں بانی جامعہ نظامیہ کی معرکۃ الآراء تصنیف انوار الحق کو شائع کیا گیا۔ نیز محدث دکن ابوالحسنات حضرت سید عبداللہ شاہ نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ کی مشکوۃ شریف کے طرز پر فقہ حنفی کے احادیث شریفہ کی عظیم کتاب زجاجۃ المصابیح کا ترجمہ بنام نور المصابیح شائع کیا گیا۔ اور اب انوار اللہ الودود فی مسئلۃ وحدۃ الوجود اور خدا کی قدرت شائع کئے جا رہے ہیں۔

اطلاع

مجلس اشاعت العلوم کے طباعتی پروگرام' ارکان کی امداد اور اہل خیر اصحاب کے عطیات سے تکمیل پاتے ہیں علم دوست اصحاب سے خواہش کی جاتی ہے کہ مجلس اشاعت العلوم کی مطبوعات کی طباعت میں حصہ لیں۔ مجلس اشاعت العلوم کی تمام مطبوعات دفتر مجلس اشاعت العلوم جامعہ نظامیہ شبلی گنج حیدرآباد سے 10 تا 4 ساعت دن حاصل کی جاسکتی ہیں۔ نیز دکن ٹریڈرس مغلپورہ، چارمینار و چوک' گلزار حوض اور مکتبہ رفاہ عام گلبرگہ سے بھی کتب حاصل کی جاسکتی ہیں مزید تفصیلات مولانا حافظ محمد عبید اللہ فہیم صاحب قادری الملتانی شریک معتمد مجلس اشاعت العلوم سے فون نمبر 24416847 پر حاصل کی جاسکتی ہیں۔

المعلن

محمد خواجہ شریف

شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ و معتمد مجلس اشاعت العلوم۔ رجسٹرڈ ۱۰۵۹